# 27-06-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرما نے کہا ہے کہ حکومت دو لاکھ روپئے تک کہ زرعی قرضے معاف کرتے ہوئے اپوزیشن پارٹیوں کے دعوؤں کو غلط ثابت کرے گی۔

☆ وزیر زراعت تو مالا ناگیشور راؤ نے کہا ہے کہ حکومت خریف سیزن کے دوران کھمم ضلع میں دیڑھ لاکھ ایکر اراضی کو سیراب کرے گی۔

☆ تلنگانہ ہائی کورٹ نے جسٹس نرسمہا ریڈی کمیشن کی کاروائی پر روک لگانے کیلئے بی آر ایس کے صدر کے سی آر کی عرضی سماعت کل تک کیلئے ملتوی کر دی ہے۔

☆ مرکز نے تمام ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ آبی ذخائر کی تفصیلات مرتب کریں۔

☆☆☆☆☆

نیٹ یو جی امتحان میں مبینہ بے قاعدگیوں کے سلسلہ میں سی بی آئی نے دو افراد کو گرفتار کرلیا ہے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ ان دو ملزمین کو بہار کے شہر پٹنہ سے گرفتار کیا گیا۔ سی بی آئی کے عہدیداروں نے جو نیٹ یو جی امتحان کے سوالیہ پرچہ کے مبینہ افشاء کی تحقیقات کر رہے ہیں، آج بہار پولیس کی معاشی جرائم سے متعلق یونٹ کا دورہ کیا اور تحقیقات کا آغاز کر دیا۔

☆☆☆☆☆

مرکز نے آج تمام ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ تمام آبی ذخائر کی تفصیلات مرتب کریں۔ ریاستوں کو جیوٹیاگنگ مکمل کرنے اور سینٹیفک منصوبہ تیار کرنے ہدایت دی گئی ہے۔ ریاستی حکومتوں سے کہا گیا ہے کہ وہ پانی کے تحفظ سے متعلق سرگرمیوں کیلئے ایم جی نریگا، کیامپا اور فینانس کمیشن کے تحت دستیاب فنڈس کا استعمال کرے۔ مرکزی کابینی سکریٹری ڈاکٹر راجیو گاؤبا نے آج جل شکتی ابھیان کے سلسلہ میں ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے چیف سکریٹریز، ایڈمنسٹریٹرس اور مرکزی وزارتوں کے سکریٹریز کے ساتھ ویڈیو کانفرنس منعقد کی۔ ایک سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ انہوں نے گزشتہ سال آزادی کے امرت مہااتسو کے حصہ کے طور پر امرت سرور پروگرام کے تحت پچھتر ہزار نئے آبی ذخائر کی تعمیر پر مختلف ریاستوں کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ اس سال جل شکتی ابھیان کا موضوع ہے ناری شکتی سے جل شکتی، اس کو مدنظر رکھتے ہوئے انہوں نے پانی کے استعمال سے متعلق فیصلہ سازی میں خواتین کے بڑھتے ہوئے رول کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے ریاستوں سے کہا کہ وہ پانی کے انتظامیہ اور دیکھ بھال میں خواتین کے اپنی مدد آپ گروپوں کو شامل کریں اور انہیں تربیت فراہم کریں۔ کابینی سکریٹری نے ریاستوں سے کہا کہ وہ دیہی اور شہری علاقوں میں پانی کی سربراہی کیلئے موثر پالیسی مرتب کریں۔ اس ویڈیو کانفرنس میں چیف سکریٹری شانتی کماری، پرنسپل سکریٹری پنچایت راج و دیہی ترقیات سندیپ کمار سلطانیہ، سکریٹری برائے اطلاعات ونشریات سنجے جاجو اور کئی اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

چیف منسٹر اور پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر ریونت ریڈی نے آج کہا کہ انہوں نے اے آئی سی سی سے درخواست کی ہے کہ وہ پارٹی کا نیا ریاستی صدر مقرر کریں کیوں کہ ان کی تین سالہ معیاد تکمیل کے قریب ہے۔ دہلی میں آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ انہوں نے اپنی معیاد کے دوران اسمبلی اور لوک سبھا انتخابات میں پارٹی کی کامیاب قیادت کی۔ ان کی تین سالہ معیاد اس سال سات جولائی کو ختم ہو جائے گی۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ انہوں نے پارٹی کی اعلیٰ قیادت سے درخواست کی ہے کہ وہ انہیں پردیش کانگریس کے صدر کی ذمہ داریوں سے سبکدوش کریں اور کسی قابل لیڈر کو نیا صدر مقرر کریں۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی اس سلسلے میں مناسب فیصلہ کرے گی۔

☆☆☆☆☆

وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے کہا ہے کہ حکومت خریف سیزن کے دوران کھمم ضلع میں دیڑھ لاکھ اراضی کو SR LIP کے پانی سے سیراب کرے گی۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ جنگی پیمانے پر ایک مہینہ کے اندر تین پمپ ہاؤز کے کام مکمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایس آر ایل آئی پی کی نہر سے وائیرا ذخیرہ آب کو گوداوری کا پانی سربراہ کیا جائے گا۔ سیتارام الیفٹ آبپاشی پراجکٹ کے پمپ ہاؤز کا کامیاب تجربہ کیا گیا ہے۔

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج سابق چیف منسٹر اور بی آر ایس کے صدر چندر شیکھر راؤ پر الزام لگایا کہ وہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ مل کر تلنگانہ میں کانگریس کی حکومت کو گرانے کی کوشش کررہے ہیں۔ دہلی میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ چندر شیکھر راؤ نے ہی دوسری جماعتوں کے ارکان اسمبلی کو خریدنے کا کلچر شروع کیا تھا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ لوک سبھا انتخابات میں کانگریس کو شکست دینے کیلئے سابق چیف منسٹر نے بی آر ایس کے بیس فیصد ووٹ بی جے پی کو منتقل کردیئے۔ کانگریس پارٹی میں بی آر ایس کے رکن اسمبلی سنجے کمار کی شمولیت پر کانگریس کے ایم ایل سی جیون ریڈی کی ناراضگی کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ کانگریس حکومت کی جانب سے چھ ضمانتوں پر عمل آوری اور زرعی قرضوں کی معافی کے اقدام سے متاثر ہوکر بی آر ایس کے ارکان اسمبلی پارٹی میں شامل ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جیون ریڈی کے تجربہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے پارٹی انہیں ترجیح اور انہیں مناسب مقام دے گی۔

☆☆☆☆☆

زرعی قرضوں کی معافی کے بارے میں اپوزیشن کے منفی پروپیگنڈہ کو مسترد کرتے ہوئے ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرما آرکا نے کہا ہے کہ حکومت دو لاکھ روپئے تک کے زرعی قرضوں کی معافی کے وعدہ پر عمل کرتے ہوئے اپوزیشن پارٹیوں کو غلط ثابت کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن نے پہلے یہ بھی کہا گیا تھا کہ کانگریس حکومت رعیتو بندھو پر عمل آوری نہیں کرے گی لیکن حکومت نے کسانوں کے بینک کھاتوں میں ایک مشت سات ہزار پانچ سو کروڑ روپئے جمع کئے۔ ڈپٹی چیف منسٹر آج کتہ گوڑم ضلع میں پینے کے پانی اور سڑکوں سے متعلق مختلف ترقیاتی کاموں میں شرکت کے بعد خطاب کررہے تھے۔ بعد میں ایک اجلاس سے خطاب کرے ہوئے انہوں نے کہا کہ کئی مسائل کے باوجود کانگریس حکومت اگست سے قبل کسانوں کے زرعی قرضے معاف کرے گی۔ رعیتو بھروسہ کے بارے میں انہوں نے کہا کہ عوام سے رائے حاصل کرنے کے بعد رہنما اصول مرتب کئے جائیں گے اور انہیں مباحث کیلئے اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایک قانون منظور کرتے ہوئے رعیتو بھروسہ پر عمل آوری کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

خواتین کی ترقی اور بچوں کی بہبود کی وزیر ڈی اناسویا نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت نے معذورین کی امدادی اشیاء کیلئے اس سال پچھتر کروڑ روپئے منظور کئے ہیں۔ معذورین کے حقوق کے لئے جدوجہد کرنے والی مصنفہ ہیلن کیلر کے یوم پیدائش کے موقع پر حیدرآباد میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ معذوری کے باوجود اپنی صلاحیتوں کا ثبوت دینے والی ہیلن کیلر سے معذورین جرأت مندی کا جذبہ سیکھ سکتے ہیں۔ انہوں نے معذورین کیلئے ایک جاب پورٹل، می سیوا خدمات سے استفادہ کیلئے ایک ویب سائیٹ اور ایک ایپ کا افتتاح کیا۔

☆☆☆☆☆

پسماندہ طبقات کی بہبود اور ٹرانسپورٹ کے وزیر پونم پربھاکر نے سکندرآباد کی اوجینی مہانکالی مندر کی کمیٹی کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ ریاستی وزیر نے بونالو تہوار کے موقع پر ریاست بھر سے اور پڑوسی ریاستوں سے اس مندر کو آنے والے یاتریوں کیلئے موثر انتظامات کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ بونالو کے کامیاب انعقاد کیلئے مناسب اور ضروری انتظامات کریں۔ پولیس عہدیدار، سکیورٹی اور ٹرائفک کے منصوبہ کا جلد اعلان کریں گے۔ اس اجلاس میں جی ایچ ایم سی کے میئر گدول وجئے لکشمی اور مختلف بلدی محکموں کے عہدیدار شریک تھے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ ہائی کورٹ نے جسٹس نرسمہا ریڈی کمیشن کی کاروائی پر روک لگانے کیلئے سابق چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کی جانب سے دائر کی گئی عرضی پر سماعت کل تک کیلئے ملتوی کردی ہے۔ بی آر ایس کے دور حکومت میں برقی کی خریدی کے معاہدوں اور دو تھرمل پاور پلانٹس کی تعمیر کی تحقیقات کیلئے کانگریس حکومت نے یہ کمیشن تشکیل دیا ہے۔ جسٹس الوک ارادھے اور جسٹس انیل کمار جوکانٹی پر مشتمل بنچ نے بی آر ایس کے صدر کی عرضی پر سماعت شروع کی۔ کے سی آر کے وکیل آدتیہ سوندھی نے عدالت سے کہا کہ کمیشن سپریم کورٹ کے احکام کی خلاف ورزی کررہا ہے۔

☆☆☆☆☆

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ حکومت سوالیہ پرچوں کے افشاء کے حالیہ واقعات کی منصفانہ تحقیقات اور خاطیوں کو سخت سزا دینے کی پابند ہے۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جماعتی سیاست سے بالاتر ہوکر ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے ملک بھر میں ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت امتحانات سے متعلق اداروں کی کارکردگی اور امتحانی عمل کے تمام پہلوؤں میں بڑے پیمانے پر اصلاحات لانے کیلئے کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ نے امتحانات میں غلط طریقہ کار کے خلاف ایک سخت قانون بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مسلسل یہ کوشش کررہی ہے کہ نوجوانوں کو ان کی صلاحیتوں کے مظاہرہ کیلئے صحیح مواقع فراہم کیے جائیں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ چاہے مسابقتی امتحانات ہوں یا سرکاری محکموں میں بھرتی اس عمل میں کوئی رکاوٹ نہیں ہونی چاہئے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ صدر جمہوریہ کے خطاب کے دوران اپوزیشن کے چند ارکان نے نیٹ امتحان، منی پور تشدد اور دیگر مسائل پر شور مچایا۔

☆☆☆☆☆